© rasailojaraid.com



# عکس تحریر امام العصر مولانا ابوالکلام آزاد رحمہ اللہ

1942ء میں مفکرِ احرار چودھری افضل حق رحمہ اللہ کی وفات پر لاہور میں مجلس احرار اسلام نے ایک تعزیتی جلسہ منعقد کیا۔ اس موقع پر حضرت مولانا ابوالکلام آزاد علیہ الرحمتہ نے قائدینِ احرار کے نام ایک خط تحریر فرمایا جو تبرکاً ہدیۂ قارئین ہے۔ یہ عکس ہفت روزہ ''اداکار'' (لاہور، بمبئی۔ 13 رجنوری 1945ء) سے لیا گیا ہے۔ (ادارہ)

آپ اس وقت چودھری افضل حق مرحوم کی یاد میں جمع ہوئے ہیں۔
میں آپ کے اظہارِ غم میں شریک ہوں۔ اور آپ کے جلسہ کے
مقصد سے اپنے کو وابستہ کرتا ہوں۔ ۱۹۳۱ء میں جب جمعیت علمائے ہند
کا سالانہ جلسہ لاہور میں ہوا تھا۔ اور اس کی صدارت کی خدمت
میرے سپرد کی گئی تھی تو اس موقعہ پر چودھری صاحب مرحوم نے
سرکاری ملازمت ترک کردینے اور خدمتِ ملک کے لیے وقف
ہوجانے کا اعلان کیا تھا، وہ اپنی زندگی کے آخری لمحوں
تک اس اعلان پر قائم رہے۔

ابوالکلام

© rasailojaraid.com